حافظ
عبادت
علی
قاری
متعلم
جامعہ
محمدیہ
ساھیوال

# اجرا کا طریقہ

کوئی بھی عربی کلمہ ہمارے سامنے آجائے تو اس پر یہ **سوال** ہوں گے سوال نمبرا۔......عربی کلمہ مفرد ہے یا مرکب؟

**جواب** : اگر ایک لفظ ہو اور ایک ہی معنیٰ پر دلالت کرے تو وہ مفرد، وگرنہ مرکب، سوال نمبر۲۔......اگر کلمہ مفرد ثابت ہو جائے تو سوال ہوگا کہ اسم ہیے یا فعل؟

**جواب** : اسم اور فعل کی علامتیں دیکھیں گے اگر اسم کی علامات میں سے ہو تو اس پر علیحدہ سوال ہوں گے، اگر فعل کی علامات میں سے ہے تو اس پر علیحدہ سوال ہوں گے، اگر حرف ہے تو اس پر الگ سوال ہوں گے،۔

# اسم کا اجراء

اگر کلمہ اسم ثابت ہو جائے تو اس پر آٹھ سوال ہوں گے۔

سوال نمبر 1۔......معرب ہے یا مبنی؟

**جواب** : اسم غیر متمکن کی آٹھ قسموں میں سے دیکھیں گے اگر آٹھ قسموں میں سے ہے تو مبنی، وگرنہ معرب ہوگا، اگر مبنی ہے تو اس پر تین سوال نہیں ہوں گے،(۱) معرفہ ہے یا نکرہ (۲) مذکر ہے یا مؤنث (۳) واحد ہے یا تثنیہ ہے یا جمع،

سوال نمبر 2۔اگر معرب ہے تو سوال ہوگا معرفہ ہے یا نکرہ؟

**جواب** : معرفہ کی سات اقسام میں سے دیکھیں گے اگر ان میں سے ہے تو معرفہ ورنہ نکرہ ہوگا۔

سوال نمبر 3۔مذکر ہے یا مؤنث؟

**جواب** : تانیث کی اقسام میں سے دیکھیں گے اگر علامتِ تانیث ہے تو مؤنث ورنہ مذکر۔

سوال نمبر 4۔واحد ہے، تثنیہ ہے، یا جمع،؟

**جواب** : اگر تثنیہ علامات میں سے ہے تو تثنیہ، اگر جمع کی علامات میں سے ہے تو جمع ورنہ واحد ہوگا،

سوال نمبر۴۔کے اجزاء۔''تثنیہ یا جمع میں سے ہو تو پھر سوال ہوگا کہ تثنیہ، یا جمع حکمی ہے یا حقیقی''؟

**جواب** : تثنیہ یا جمع کے قاعدے کے مطابق ہو تو حقیقی ورنہ حکمی ہوگا۔

سوال نمبر 4۔ کے اجزاء اگر جمع ہوتو سوال ہوگا جمع تکسیر، ہے یا جمع تصحیح، ہے؟

**جواب :** واحد کی بناء سلامت ہوتو تو جمع تصحیح ورنہ جمع تکسیر، ہوگا۔

سوال نمبر۴۔ کے اجزاء اگر جمع تکسیر ہے تو سوال ہوگا کہ غیر منصرف، ہے یا کہ منصرف جواب: جمع تکسیر کے جو سات اوزان ہیں ان میں سے اگر کسی وزن پر ہوتو غیر منصرف، ورنہ منصرف، ہوگا۔

سوال نمبر 5۔ اس کی حالت کون سی ہے (یعنی جس پر سوال ہورہا ہے)؟

**جواب :** دیکھیں گے کہ اس سے پہلے عامل لفظی، ہے کہ نہیں، اگر ہے تو جیسا عامل ویسی ہی حالت ہوگی، اگر نہیں تو پھر اسم کا تعلُّق تابع کے ساتھ کریں گے کیوں کہ تابع اعراب میں متبوع کے موافق ہوتا ہے، اگر تابع کے ساتھ تعلُّق نہیں تو عامل معنوی مبتداء ہوگا، اس اسم کا جس اسم پر سوال ہورہا ہے، اس سے پہلے کے ساتھ ملا کر دیکھیں گے کہ حرف عطف ہے کہ نہیں اگر حرعطف ہے تو پہلے اسم کو معطوف الیہ اور دوسرے اسم کو معطوف، بنائیں گے، اگر نہیں تو پھر دیکھیں گے کہ اسم، صیغہ صفت کا ہے کہ نہیں، اگر صیغہ صفت کا ہے تو پہلے اسم کو موصوف اور دوسرے اسم کو صفت بنائیں گے، اگر صیغہ صفت نہیں، تو دیکھیں گے وہ اسم پہلے اسم کی طرح ہے کہ نہیں، اگر ہے تو پہلے کو مؤکد، اور دوسرے کو تاکید بنائیں گے، اگر نہیں تو پھر دیکھیں گے کہ دونوں برابر کے مشہور ہیں یا کہ دوسرا زیادہ مشہور ہے، اگر دونوں برابر کے مشہور ہیں تو پہلے کو مبدل منہ، اور دوسرے کو بدل بنائیں گے، اگر دوسرا زیادہ مشہور ہے تو پہلے کو معطوفِ مبیَّن، اور دوسرے کو عطفِ بیاں بنائیں گے،

**نوٹ :** جو قسم بھی بنے گی اسی قسم کے قواعد جاری ہوں گے، اگر ان میں سے کسی ایک نے بھی نفی کردی تو قِسم درست نہیں ہوگی۔

سوالنمبر 6۔ اس کو کیسے پڑھیں گے ؟

**جواب :** معرب ہے یا مبنی اگر معرب ہے تو سولہ قسموں میں سے جو قسم ہوگی اس قسم والا اعراب پڑھیں گے۔ اور اگر مبنی ہے تو اس کا اعراب محلی ہوگا۔

سوالنمبر ۷۔ اگر تنوین ہے تو کیوں نہیں ہے تو کیوں ؟

**جواب :** جوہم نے پانچ مقامات پڑھے ہیں

1۔معرف باللام ہو جیسے "اَلضَّرْبُ"

2۔مضاف ہو جیسے "غُلَامُ زَیْدٍ"

3۔غیر منصرف ہو جیسے "اَحْمَدُ،عُمَرُ"

4۔مبنی ہو جیسے "ضَرَبَ"

5۔اِبْنٌ اور اِبْنَۃٌ،اگر دو علموں کے درمیان آجائیں تو پہلے علم پر تنوین نہیں آئیگی۔

سوالنمبر 8۔عامل ہے یا معمول؟

**جواب :** اسمائے عاملہ میں سے دیکھیں گے اگر ہے تو عامل،نہیں تو معمول۔

# فعل کا اجراء

سوالنمبر 1۔اگر کلمہ فعل ہو تو اس پر پہلا سوال ہو گا کہ وہ معرب ہے یا مبنی؟

**جواب :** دیکھیں گے کہ فعل ماضی کا صیغہ ہے یا امر کا،یا مضارع کا ہے،اگر مضارع کا ہے تو دیکھیں گے کہ نون جمع مؤنث کے ساتھ ہے یا تاکید کے ساتھ،اگر نون تاکید کے ساتھ ہے تو نون مبنی ہوگا،ورنہ معرب ہوگا۔

سوال نمبر 2۔کلمہ افعال قُلوب میں سے ہے یا افعالِ جوارح میں سے؟

**جواب :** اگر افعالِ قُلوب میں سے ہو تو "فَبِهَا" ہوگا ورنہ جوارح سے ہوگا۔

سوالنمبر ۳۔افعال ناقصہ میں سے ہے یا تامّہ میں سے؟

**جواب :** افعال ناقصہ سترہ ہیں اگر ان میں سے ہے تو ناقصہ وگرنہ تامّہ۔

سوالنمبر ۴۔کلمہ افعال عامہ میں ہے یا خاصہ میں سے ہے؟

**جواب :** اگر افعال عامہ میں سے ہے تو عامہ ورنہ خاصہ۔

سوالنمبر ۵۔فعل معروف ہے یا مجہول؟

**جواب :** دیکھیں گے اور بتائیں گے۔

سوالنمبر ٦ ۔ماضی ہے یا مضارع ؟

**جواب** : دیکھ کر بتائیں گے۔

نوٹ : امراور نہی بھی فعل مضارع میں داخل ہیں۔

سوال نمبر ۷۔لازم، ہے یا متعدّی؟

**جواب** : ماضی کا ترجمہ کریں گے اگر اگر ماضی کے ترجمہ میں ''نے'' یا ''کو'' آجائے تو وہ متعدّی ہوگا، ورنہ لازم۔

**نیز**: اگر کلمہ متعدی ہوتو

پھر **سوال** ہوگا کہ متعدی کی کون سی قسم ہے۔

**جواب** نمبر۲۔ اگر اَعْلَمَ، اَرٰی ، اَنْبَأَ، اَخْبَرَ، خَبَّرَ، نَبَّأَ حَدَّثَ ، میں سے ہے وہ متعدی بسہ مفعول ہوگا۔اگر افعال قلوب میں سے ہے تو متعدی بدو مفعول ہوگا۔اوراس کا گزارہ ایک مفعول پرنہیں ہوگا۔اگر افعال قلوب میں سے نہیں تو اس کا گزارہ ایک مفعول پر جائز ہوجائے گا۔اگر ان میں سے کوئی بھی نہ ہوتو متعدی بیک مفعول ہوگا۔

سوال نمبر۸۔فعل کے فاعل کو کس طرح پہچانیں گے؟

**جواب** : جملہ فعلیہ کے قواعد میں سے قاعدہ نمبر پانچ جاری ہوگا۔

**نوٹ** : مصدر مضاف ہوتا ہے اور فعل والا عمل کرتا ہے،

**نوٹ** : فعل ہمیشہ عامل لفظی ہوتا ہے۔

# حرف کا اجراء

سوال نمبرا۔کلمہ حروف عاملہ میں سے ہے یایا غیر عاملہ میں سے؟

**جواب** : اگر حروف عاملہ میں سے ہوگا تو وہ مل جائے تو حرف عاملہ ورنہ غیر عاملہ۔

سوال نمبر۲۔حروف عاملہ میں سے ہے تو عمل کیا کرے گا؟

**جواب** : حروف عاملہ کی جو قسم بنے گا وہ عمل کرے گا۔